19/03/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں ۔۔مسرت شاہ۔

ایل جی آرتی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ جموں ڈویژن میں دریا کے کناروں پر آباد قصبوں اور دیہات میں مقامی آبادی کے اشتراک سے روزانہ یا پھر ہفتہ وار بنیادوں پر شام کی آرتیوں کا اہتمام کریں۔ کل جموں میں " شری رگوناتھ جی کی جموں آرتی سنستھا"کی طرف سے منعقد کی گئی شری رگوناتھ جی کی جموں آرتی میں شرکت کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ جموں شہر جسے مندروں کے شہر کے نام سے بھی جانا جاتا ہے کو مزید خوبصورت اور جاذب نظر بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت طبی نگہداشت کی بہتر سہولیات لوگوں کی دہلیز تک پہنچانے کی وعدہ بند ہے۔ چولگام کولگام میں50بستروں پر مشتمل انٹیگریٹیڈ آیوش اسپتال کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ آیوش طرز علا ج زندگی کے معیار میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ بیماریوں پر قابو پانے میں بھی کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔

سکمز

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ سرینگرمینکل کچھ جدید تشخیصی آلات اورسہولیات کو کمیشن کیا گیا۔ جن کی بدولت انسٹی چیوٹ میں مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات میں بہتری آئے گی ۔ انسٹی چیوٹ کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشر ف گنائی نے ان سہولیات سے متعلق جانکاری دیتے ہوئے آکاشوا نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

اوقات نماز

آج رمضان المبارک کی29تاریخ ہے۔ عیدا لفطر کل یا 21مارچ سنیچر وار کو ہوگی جس کی تصدیق آج شام کے بعد ماہ شوال کا چاند نظر آنے یا نہ آنے کی اطلاع موصول ہونے کے بعد ہوگی۔

اس دوران جموں کشمیر وقف بورڈ نے وقف کے زیر انتظا م بقہ جات، خانقاہوں اور مساجد میں عید نماز کیلئے اوقات کی فہرست جاری کی ہے۔ جس کے مطابق آثار شریف دگارہ حضرتبل میں نماز عید صبح ساڑھے دس بجے ادا کی جائے گی ۔

آثار شریف جناب صاحب صورہ اور زیارت مخدوم صاحب سرینگر میں نماز عید صبح10بجے ادا کی جائے گی،اسی طرح زیارت حضرت پیر دستگیر صاحب خانیار سرینگر، زیارت حضرت میر سید یعقوب صاحب سونہ وار سرینگر ، آثار شریف کعبہ مرگ ، مرکزی عید گاہ جنگلات منڈی اننت نا گ اور مرکزی عید گاہ اونتی پورہ پلوامہ میں صبح ساڑھے9بجے عید نماز ادا کی جائے گی۔

صوبائی کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران عید الفطر ، نو روز اور نو راترہ تہواروں کے سلسلے میں مختلف محکموں کی طرف سے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ان مقدس ایام کے دوران لوگوں کیلئے ہر طرح کی سہولیات دستیاب رکھیں۔

نو راترہ

آج سے نو روزہ ، نوراتروں کا آغاز ہوا ۔ نو راترہ کے سلسلے میں مندروں خاص طور سے کٹڑہ میں شری ماتا ویشنو دیوی استھا پن پر کافی تعداد میں شردھالوؤ حاضری دیتے ہیں اور دیگر مندروں میں بھی خصوصی پوجا پاٹ کا اہتمام کیا جاتا ہے ۔ کشمیری پنڈت برادری آج کے دن کو نو رِہ کے طور پر مناتے ہیناور وہ ہاری پربت میں شاریکا دیوی مندر میں حاضری دیتے ہیں۔

جاجو

AdTrustاطلاعات و نشریات محکمے کے مرکزی سیکریٹری سنجے جاجو نے کل ممبئی میں میں کلیدی خطبہ پیش کیا۔ اس موقعے پر انہوننے ملک میں ایک ذمہ دارانہ شفاف Summit-2026 کو Advertising نظام وجود میں لانے پر زور دیا ۔ انہوننے کہا کہ Advertising اور با اعتبار اپنی پہنچ کے ساتھ ساتھ اعتماد بھی بڑھانا چاہئے۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیرکے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے عام لوگوں کی سہولت کے لئے ای میل آئی ڈی ۔

جاری کیا ہے ۔ اس کے علاوہ لوگ سرینگر میں قائم فون نمبر director.vigilance@jk.gov.in 24307922-0194 جبکہ جموں میں قائم فون نمبر 25771992-0191 یا پھر واٹس ایپ نمبر 9419678060 پر بھی اپنی شکایات درج کرا سکتے ہیں

DCسرینگر

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے ضلع میں کلیدی نوعیت کے ریو نیو معاملات اور ضلع بھر میں خدمات کے نظام کو بہتر بنانے سے متعلق امور کاجائزہ لیا۔ اس دوران انہوننے ضلع میں ریو نیو ریکارڈس کے ڈیجٹائزیشن کے بار ے میں بھی جانکاری حاصل کی۔

اننت ناگ کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے تیرتھ راج سدِ لکشمی پیٹھ ٹرسٹ لوک بھون اور کعبہ مرگ زیارت گاہ لارکی پورہ کا دورہ کرکے وہاں نو راترہ اور عید الفطر کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لیا۔

DCs

کپواڑہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر شری کانت سوسے نے ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں منشیات کا قلع قمع کرنے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا۔

پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے بھی ضلع سط□ کی نار کو کارڈنیشن سینٹر میٹنگ کے دوران DC ضلع کے منشیات سے پاک کرنے کیلئے کئے جا رہے اقداما ت کا جائزہ لیا۔

ادھر گورنمنٹ ڈگری کالج سمبل میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****